اسکول والوں کا بالغ لڑکیوں کو پکنک پر لے کر جانا

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-2318

تاریخ اجراء: 17جمادی الاول1445ھ/02دسمبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ اسکول والے بالغ بچیوں کو اسکول، ٹیوشن وغیرہ سے پکنک پر لے جائیں اور شرعی سفر ہو تو کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عموماً جس طرح اسکول، کالج، یونیورسٹی والے پکنک پر لیکر جاتے ہیں اس میں کئی شرعی خرابیاں موجود ہیں جیسے مرد وعورت کا اختلاط، بے پردگی، آپس میں ہنسی مذاق وغیرہ، اس صورت میں ویسے بھی بالغ لڑکیوں کا جانا یا ان کو لیکر جانا جائز نہیں، اگرچہ شرعی سفر نہ ہو، کیونکہ یہ گناہ میں شرکت یا گناہ پر معاونت ہے۔ اگر شرعی سفر ہو اور بالغ لڑکی کے ساتھ محرم بھی نہ ہو تب تو گناہ اور بڑھ جائے گا۔ البتہ اگر اس طرح کی خرابیاں موجود نہ ہوں اور بالغ لڑکی کے ساتھ محرم بھی موجود ہو تو شرعی اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے پکنک پر جانے یا لیکر جانے کی اجازت ہو گی لیکن پھر بھی عورت کے لیے نہ جانا بہتر ہے کیونکہ عورت کے لیے گھر میں رہنا ہی زیادہ باعثِ فضیلت ہے۔

چنانچہ صحیح مسلم شریف میں ہے: ” عن أبی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الآخر أن تسافر سفراً یکون ثلاثۃ أیام فصاعداً الا ومعھا أبوھا أو ابنھا أو زوجھا أو أخوھا أو ذو محرم منھا “ ترجمہ: سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، اس کے لیے تین دن (92 کلومیٹر) یا اس سے زیادہ کا سفر کرنا حلال نہیں ہے، مگر جبکہ اس کے ساتھ اس کا باپ یا بیٹا یا شوہر یا بھائی یا اس کا کوئی محرم ہو۔ (صحیح مسلم، کتاب الحج، باب سفر المرأۃ مع محرم الی حج، حدیث: 1340، ص 413، دار الحضارۃ)

سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فتاویٰ رضویہ میں فرماتے ہیں: ”عورت اگرچہ عفیفہ (یعنی پاکدامن) یا ضعیفہ (یعنی بوڑھی) ہو، اسے بے شوہر یا محرم سفر کو جانا، حرام ہے۔۔۔ اگر چلی جائے گی، گنہگار ہوگی، ہر قدم پر گناہ لکھا جائے گا۔“ (فتاویٰ رضویہ، ج10، ص706، 707، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net